اور پھر یہ کوشش کہ چند اوراق میں مشرق و مغرب خصوصاً ممالک اسلامیہ کے مسائل و حوادث پوری طرح نمایاں ہو جائیں، انگریزی زبان ایسی کہ معلوم ہو برطانیہ ہی کا کوئی باشندہ لکھ رہا ہے، ان ساری خوبیوں نے مجھے تو مدت سے مسحور کر رکھا ہے۔ افسوس ہے کہ جو لوگ ایسے کاموں کو مضبوط بنا سکتے ہیں وہ ان کو جاننے پہچاننے ہی کی صلاحیت نہیں رکھتے اور ہم جیسے جو تھوڑا بہت جانتے ہیں وہ بس دعا ہی کر سکتے ہیں۔ سو میں بھی امپیکٹ کے لئے کثیر دعاؤں کا ہدیہ روانہ کرتا ہوں اور میرا خیال ہے کہ قارئین ترجمان القرآن بھی یہ تعاون ضرور کریں گے۔ باقی رہی دوسری بات سو "زرمی طلبی سخن دریں است"، مگر آپ نے کب کسی سے مانگا۔ ہم صرف خدا ہی سے مانگ سکتے ہیں کسی بت سے نہیں۔ اب یہ فتویٰ البتہ کسی عالم دین سے پوچھ لیجئے کہ اگر "بت" کافر نہ ہو، "بت مسلم" ہو تو پھر کیا حکم ہے؟

اجمالی تذکرہ

اتحاد ملت از جناب حکیم ہاشمی، پوسٹ بکس ۲۵۰ حیدر آباد سندھ (علامہ سعید احمد کاظمی کے چند سوالات کے جواب، بلا قیمت۔

کلمہ طیبہ کی توہین حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی، مجلس ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان، قادیانیوں کی طرف سے کلمہ کو اپنے واضح کردہ مفہوم کے ساتھ استعمال کرنا کلمہ کی توہین ہے، قیمت درج نہیں۔

THE QADIANI FUNERAL حضرت مولانا محمد یوسف لدھیانوی، مجلس تحفظ ختم نبوت، حضوری باغ روڈ ملتان، مسلمانوں سے قادیانیوں کی اعتقادی و سماجی علیحدگی کے وجوہ پر حوالوں سے گفتگو۔ قیمت درج نہیں۔

الہامی گرگٹ مولانا ابو البشیر عرفانی، مجلس تحفظ ختم نبوت حضوری باغ ملتان، مرزا صاحب کے متضاد اور متجانس کلمات۔ قیمت درج نہیں۔

شناخت مولانا محمد یوسف لدھیانوی، ناشر: شیخ محمد اکرم، سوداگر چرم، دین گڑھ قصور، قادیانیوں